20/03/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں ۔اشفاق امین

ایل جی

وزیر اعظم نریندر مو دی نے کل رات اُردن کے شاہ عبداللہ دوئم کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی اوراُن کے ساتھ خلیج خطہ کے موجودہ حالات پر تبادلہ خیال کیا ۔ دونوں لیڈروں نے مغربی ایشیا ءکے حالات پر تشویش کا اظہار کیا اور امن کی بحالی کی خاطر سفارتی سطح پر بات چیت کی ضرورت اُجا گر کی۔ وزیر اعظم نے مغربی ایشیاءمیں توانائی کے ڈھانچے پر حملوں کی مذمت کی ۔اسی دوران وزیر اعظم نے عُمان کے سلطان حاتم بن طارق ، ملیشاءکے اپنے ہم منصب انور ابراہیم اور فرانس کے صدر ایمینول میخوان کے ساتھ بھی ٹیلیفون پر بات کی اور مغربی ایشیاءکی موجودہ صورتحال پر ان لیڈروں کے ساتھ تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔

عمر عبداللہ

محکمہ سیاحت نے 14اور15اپریل کو کشمیر ٹرول مارٹ 2026کی میزبانی کیلئے تمام تیاریاں مکمل کی ہیں۔ اس ٹرول مارٹ میں ملک کی 20ریاستوں سے تعلق رکھنے والے 250 متعلقین شرکت کریں گے ۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ اس پروگرام کے ذریعے جموں کشمیر کی سیاحتی وسعت مزید اُجاگر کرنے میں مدد ملے گی اور یہ پہل سیاحتی سیکٹر کو مضبوط کرنے میں مدد گار ثابت ہوگی۔

ستیش شرما

صارفین کے حقوق کے تحفظ اور ضروری اشیاءکی بلا خلل سپلائی کو یقینی بنانے کیلئے خوراک ، عوامی رسدات اور امور کی LPG صارفین کے وزیر ستیش شرما نے کل کٹڑہ سے جموں تک کئی مقامات پر بازارونکا معائنہ کیا۔اس دوران انہوننے دستیابی اور تقسیم کاری کا موقعے پر جائزہ لیا۔ انہوننے ذخیرہ اندوزی ، بلیک مارکیٹنگ اور زائد قیمت وصول کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی وارننگ دیتے ہوئے کہاکہ ایسی سرگرمیوں کیلئے زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جا رہی ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی بے ضابطگی کی اطلاع متعلقہ حکام کو دیں، تاکہ فوری کارروائی عمل میںلائی جا سکے۔

مفتی اعظم

آج رمضان المبارک کی 30تاریخ ہے۔کل یعنی21مارچ کو عید الفطر منائی جائے گی۔ اس حوالے سے مفتی اعظم مفتی ناصر اسلام نے آکاشوانی نیوز سرینگرسے بات کرتے ہوئے کہا۔

............Byte........

عید نماز

آج رمضان المبارک کی 30تاریخ ہے۔ عیدا لفطر کل یعنی 21مارچ سنیچر وار کو ہوگی ۔

اس دوران جموں کشمیر وقف بورڈ نے وقف کے زیر انتظا م بقہ جات، خانقاہوں اور مساجد میں عید نماز کیلئے اوقات کی فہرست جاری کی ہے۔ جس کے مطابق آثار شریف دگارہ حضرتبل میں نماز عید صبح ساڑھے دس بجے ادا کی جائے گی ۔

بورڈ کی جانب سے جاری فہرست کے مطابق آثار شریف جناب صاحب صورہ ،زیارت مخدوم صاحب سرینگر اور مسجد علمدارِ کشمیرچرار شریف میں صبح 10بجے نماز عید ادا کی جائے گی۔

اسی طرح زیارت حضرت پیر دستگیر صاحب خانیار سرینگر، زیارت حضرت میر سید یعقوب صاحب سونہ وار سرینگر ، آثار شریف کہ بہ مرگ ، مرکزی عید گاہ جنگلات منڈی اننت نا گ، مرکزی عید گاہ اونتی پورہ پلوامہ اور مسجد جامع با با حنیف الدین ریشی رٹھسن بیروہ میں صبح ساڑھے9بجے، خانقاہ معلی سرینگر میں صبح11بجے، آثار شریف شہری کلاشپورہ ، عالی مسجد عید گاہ سرینگر،زیارت حضرت سخی زین الدین ولی ؒ عیشمقام ، آثار شریف پیٹھ مکہامہ بیروہ ،قدیم جامع مسجد کِرمشورہ بڈگام میں صبح 9بجے ، جبکہ مسجد شریف حضرت سید محمد جانباز ولی رفاعی بارہمولہ میں نماز عید صبح سوا9بجے ادا کی جائے گی۔

رومشو

اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ کی انتظامیہ نے سماجی و اقتصادی طور پسماندہ کنبوں سے تعلق رکھنے والے ادارے میں زیر تعلیم طالب علموں کو مالی مدد فراہم کرنے کے لئے ایجوکیشن فنڈ قائم کیا ہے ۔

یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو ، جو کہ ان دنوں فرانس کے شہر پیرس میں ہیں ، نے وہاں سے اس فنڈ کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

-----Prof Shakeel --

تربیتی پروگرام

محکمہ زراعت کشمیر کے زیر اہتمام سات روزہ مگس بانی تربیتی پروگرام کل اختتام پذیر ہوا ۔ یہ پروگرام لال منڈی سرینگر میں منعقد ہوا جس میں وادی کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے مگس بانی پیشے سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔تربیت کے دوران مکھیوں کی افزائش ، بیماریوں سے بچاؤ اور شہد نکالنے کے جدید طریقوں اور پیدا وار بڑھانے کے اصولوں پر توجہ مرکوز کی گئی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****